**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
Central Media Department

# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

16 اکتوبر 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کی جانب سے ضمیر کے قیدی چیئرمین عمران خان کو نشانۂ انتقام بنانے کیلئے تقاضہ ہائے انصاف کے قتل کی شدید مذمت
- چیئرمین عمران خان ہر لحاظ سے ماورائے آئین و قانون حربوں کی زد میں اور انصاف کے مفلوج نظام کے رحم و کرم پر ہیں۔
- توشہ خانہ کے بعد سائفر مقدمے کی اب تک کی کارروائی نقائص سے بھرپور اور امتیازی و ناقص انصاف کی واضح مثال ہے۔
- عدالتی کارروائی کے انداز سے صاف ظاہر ہو رہا ہے کہ توشہ خانہ کیطرح چیئرمین عمران خان کو پہلے سے طے شدہ فیصلے کے ذریعے سزا سنانا ریاست کو مقصود ہے۔
- نظامِ انصاف کی ظالمانہ حد تک تباہی اور عدالتوں کا کینگرو کورٹس کی زندہ مثالیں بن کر رہ جانا ریاست و سماج کیلئے نہایت مہلک اور ہیجان انگیز ہے۔
- عدلیہ خصوصاً سپریم کورٹ آئین کے تحفّظ اور اس میں فراہم کردہ بنیادی حقوق کی حفاظت میں افسوسناک حد تک ناکام دکھائی دے رہی ہے۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- عدل و انصاف کے قیام کے بغیر پاکستان کو معاشی، سیاسی اور سماجی طور پر بحرانوں سے نکالنے کی کسی تدبیر کے کارگر ہونے کا کوئی امکان نہیں۔
- دستور کو فیصلہ کن حیثیت دیکر اس کے نفاذ کو اوّلین فرض کے طور پر قبول کرکے ہی ریاست کسی درست سمت کا تعیّن کر سکتی ہے۔
- چیف جسٹس آف پاکستان آئین سے انحراف اور ضمیر کے قیدی چیئرمین عمران خان کو ناقص ترین عدالتی کارروائی کے ذریعے بدترین سیاسی انتقام کا نشانہ بنائے جانے کا بلاتاخیر نوٹس لیں
- اجلاس میں تحریک انصاف مغربی پنجاب کے صدر فرخ حبیب کی تین ہفتوں پر محیط جبری گمشدگی کے بعد پریس کانفرنس کا بھی جائزہ
- فرخ حبیب کی بازیابی خوش آئند، ان کی پریس کانفرنس تحریک انصاف کو سیاست سے بے دخل کرنے کے اسی ماورائے آئین و قانون سلسلے کا حصہ ہے جو پچھلے 17 ماہ سے جاری ہے۔
- چہرے اور انداز بدل کر وہی گھِساپِٹا سکرپٹ دہرانے سے قوم کو گمراہ کرنا ممکن ہے نہ سچ میں جھوٹ کی آمیزش ممکن ہو پائے گی۔
- ماورائے آئین، قانون اور جمہوری ریاستی ہتھکنڈوں سے بزورِ قوت تحریک انصاف کو سیاسی عمل سے باہر کرنے کی کوششیں الحمدللہ تحریک کی مضبوطی اور عوام میں مقبولیت کی وجہ بن رہی ہیں۔
- ظلم اور جبر کے ذریعے قوم کو جھکانے اور طاقت کے ذریعے سیاست کی ہیئت بدلنے کی کوششیں پہلے کامیاب ہوئیں نہ اب ہوں گی۔

- اجلاس میں مزدوروں کے بلوچستان میں بہیمانہ قتل کی بھی شدید مذمت
- مزدوروں کے قتل کے ذمہ داروں کو کیفرِ کردار تک پہنچانے کے مطالبے کے ساتھ متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی و یکجہتی کا اظہار

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ